12 جنوری 2016ء

برانچوں میں 'پرزم' فنڈ ٹرانسفر کی سہولت یقینی بنائی جائے، اسٹیٹ بینک کی بینکوں کو ہدایت

بینک دولت پاکستان نے عوام کو رئیل ٹائم انٹربینک سیٹل منٹ میکانزم (PRISM) یا 'پرزم' کے ذریعے پاکستان میں رقوم کی فوری منتقلی کی سہولت دینے کے لیے 'پرزم' میں شامل تمام بینکوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی برانچوں میں کام کے عام دنوں میں (پیر تا جمعہ) صبح نو بجے سے سہ پہر تین بجے تک 'پرزم' فنڈ ٹرانسفر کی سہولت کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ اس سہولت کو استعمال کرتے ہوئے ایک صارف ایک لاکھ روپے یا زائد رقم بھیج سکتا ہے۔

شریک بینکوں کو یہ بھی ہدایت کی گئی ہے کہ پرنٹ میڈیا میں اشتہارات نیز تعارفی کتابچے شائع کر کے اور برانچوں میں مناسب مقامات پر سائن بورڈ ربینرز آویزاں کر کے اس سہولت کے استعمال کے بارے میں آگہی پیدا کریں۔

'پرزم' کے شرکا اس سلسلے میں کیے گئے اقدامات کے بارے میں ہر مہینے پیمنٹ سسٹمز ڈپارٹمنٹ کو رپورٹ دیں گے۔

یہ فیصلہ اس تناظر میں کیا گیا ہے کہ عوام 'پرزم' سہولت کو بڑی مالیت کی رقوم کی بروقت منتقلی کے لیے بہت کم استعمال کر رہے تھے۔ اس کم استعمال کے کئی اسباب ممکن ہیں، جیسے بینکوں کے برانچ اسٹاف کا عدم تعاون، اس طریقے کے بارے میں آگہی کا فقدان، اور 'پرزم' اور بینکوں کے مرکزی نظام کے درمیان اسٹریٹ تھرو پروسیسنگ (STP) کا عدم نفاذ۔

واضح رہے کہ اسٹریٹجک پلان 2016-2020ء کے تحت اسٹیٹ بینک کے اسٹریٹجک اہداف میں سے ایک ہدف یہ ہے کہ ایک جدید اور مضبوط نظام ادائیگی تشکیل دیا جائے تا کہ ادائیگیوں کے حوالے سے عوام کو کارگر، محفوظ اور کم لاگت خدمات فراہم ہو سکیں۔ بڑی مالیت کی رقوم کی منتقلی کے لیے 'پرزم' کے استعمال کا فروغ اس ہدف کے حصول کی سمت پیشرفت ہوگی۔

***